India-U.S. Foreign Office Consultations

July 07, 2020

ھندوستان – امریکہ دفتر خارجہ کی باہمی مشاورت

07 جولائی، 2020

خارجہ امور کے سکریٹری ہرش وردھن شرینگلہ اور امریکی انڈر سیکرٹری برائے سیاسی امور ڈیوڈ ہیل نے 7 جولائی 2020 کو دفتر خارجہ سے متعلق ورچوئل مشاورت کیے۔ انہوں نے ہندوستان امریکہ جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت تعلقات کے پورے شعبوں کا جائزہ لیا جس میں سیاسی، معاشی، تجارتی، علاقائی اور بین الاقوامی تعاون بھی شامل ہے۔

کووڈ 19 وبائی مرض کے پس منظر میں انہوں نے باہمی صحت کی شراکت داری کو مزید تقویت دینے پر اتفاق کیا، جس میں ادویہ سازی اور ویکسین کی ڈیولپمنٹ شامل ہے۔ انہوں نے باہمی فائدہ مند تجارت اور عوام سے عوام کے تعلقات کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، جس میں طلباء اور پیشہ ور افراد کے لئے ویزا کی سہولت بھی شامل ہے۔

خارجہ سکریٹری شرینگلہ اور انڈر سکریٹری ہیل نے مشترکہ مفاد کے متعدد علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے آزاد، کھلا، شامل، پرامن اور خوشحال انڈو پیسیفک علاقہ کو یقینی بنانے کے لئے کام کرنے کے اپنے عزم پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ میں تعاون کو گہرا کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا، خاص طور پر ہندوستان کی اقوام متحدہ کی 2022-2021 کے دوران سلامتی کونسل کی ممبرشپ کے حوالے سے۔

انہوں نے 2 + 2 وزارتی جیسے متعدد میکانزم کے ذریعہ باہمی ایجنڈے پر رابطے میں رہنے اور آگے بڑھنے پر اتفاق کیا جس کی اس سال کے آخر میں ہندوستان میزبانی کرے گا۔

نئی دہلی

07 جولائی، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.